پنجاب پولیس کی گاڑیوں کے متفرق استعمال شدہ سامان کا شاندار نیلام عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب پولیس کی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کا استعمال شدہ متفرق سامان (متفرق ٹائر تقریباً 380 ٹن، متفرق ٹیوب تقریباً 4 ٹن، متفرق بیٹریاں تقریباً 140 ٹن، اور متفرق سکریپ ٹرانسپورٹ (پرزہ جات انجن وغیرہ) تقریباً 130 ٹن) کا "جہاں ہے جیسے ہے" کی بنیاد پر بروز پیر مورخہ 28-10-2019 کو بمقام دفتر سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس موٹر ٹرانسپورٹ ونگ پنجاب، 236 فیروز پور روڈ لاہور (بالمقابل قذافی سٹیڈیم) پر نیلام عام کیا جائے گا۔

خواہش مند حضرات مورخہ 14-10-2019 تا مورخہ 25-10-2019 تک صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک مذکورہ سامان کا معائنہ کر سکتے ہیں۔ نیلام عام میں صرف رجسٹرڈ افراد ہی حصہ لے سکیں گے۔

شرائط نیلامی:

1-	نیلامی میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات مورخہ 14-10-2019 تا 25-10-2019 تک پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ مالیتی -/Rs.100,000 بحق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس موٹر ٹرانسپورٹ پنجاب لاہور بطور ٹوکن منی / رجسٹریشن فیس (قابل واپسی) دفتر اوقات میں جمع کروا کر رجسٹریشن نمبر حاصل کریں۔ رجسٹریشن فارم زیر دستخطی کے دفتر واقع 236 فیروز پور روڈ لاہور سے حاصل کر کے پُر کرنے کے بعد مورخہ 25-10-2019 تک اسی دفتر میں جمع کروائے جائیں گے۔
2-	صرف ٹوکن منی / رجسٹریشن فیس جمع کروانے والے حضرات یا اُن کے بااختیار نمائندگان ہی نیلامی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔
3-	بوقت نیلامی رجسٹریشن نمبر بولی دہندہ کے پاس ہونا لازمی ہے۔ بصورت دیگر وہ نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔
4-	بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔
5-	نیلامی موقعہ پر موجود افراد کی موجودگی میں کھلی بولی کے ذریعے صبح 10 بجے شروع ہوگی۔ کسی بھی وجہ سے مذکورہ تاریخ کو نیلامی کا انعقاد نہ ہونے یا ملتوی ہونے کی صورت میں بروز بدھ مورخہ 30-10-2019 بوقت 10 بجے صبح رجسٹرڈ بولی دہندگان کی موجودگی میں نیلامی کی جائے گی۔
6-	تمام سامان کی بولی مختلف لاٹوں کی صورت میں کی جائے گی۔ بیٹریوں کی بولی بحساب 10 ٹن فی لاٹ، ٹائروں کی بولی بحساب 30 ٹن فی لاٹ اور سکریپ (پرزہ جات وغیرہ) کی بولی بحساب 10 ٹن فی لاٹ کی جائے گی۔ کامیاب بولی دہندگان کو سامان بلا امتیاز وزن کر کے دیا جائے گا۔
7-	کامیاب بولی دہندہ زر نیلامی کا 25 فیصد حصہ (ناقابل واپسی) موقع پر ہی نیلام کنندہ کو ادا کرے گا۔ جبکہ باقی حصہ رقم بعد از منظوری اندر سات یوم جمع کروانا ہوگی۔ عدم ادائیگی کی صورت میں ادا کردہ 25 فیصد زر نیلامی اور ٹوکن منی مبلغ -/Rs.100,000 ضبط کر لی جائے گی۔
8-	خریدا گیا سامان کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی پوری رقم اور ٹیکسز کی ادائیگی کے بعد حوالے کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ مکمل رقم کی ادئیگی کے بعد خریدا گیا سامان 10 یوم کے اندر اپنی ذمہ داری پر اُٹھانے کا پابند ہوگا۔
9-	کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق ادا کرنا ہوگا۔
10-	کسی بھی قسم کے سوالات کی صورت میں زیر دستخطی سے بذریعہ ٹیلی فون نمبرز 042-99230593,042-99230163 موبائل نمبر 0300-4105423 اور بذریعہ ای میل ssp.mt.punjab@gmail.com نیلامی سے ایک دن پہلے تک دفتری اوقات میں رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
11-	نیلامی کمیٹی کوئی وجہ بتائے بغیر کوئی ایک یا تمام بولیوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

اویس احمد، سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس موٹر ٹرانسپورٹ، ونگ پنجاب، لاہور

236 فیروز پور روڈ لاہور فون نمبر 042-99230604-05